# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

## شیڈول انٹرمیڈیٹ امتحانات

## مورخہ 21-12-2023

عنوان: **انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ فرسٹ سالانہ (First Annual) امتحانات 2024ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول۔**

نمبر 334/میٹنگ مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے موصولہ مراسلہ نمبر SO(Boards)Misc/2022-PBCC-6 مورخہ 20-12-2023 کے مطابق بہاول پور بورڈ کے زیراہتمام انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ فرسٹ سالانہ (First Annual) امتحانات 2024ء کا انعقاد **مورخہ 15۔اپریل 2024ء بروز سوموار** سے ہوگا۔ اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ ریگولر اور پرائیوٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کے بنک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | شیڈول | ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کیلئے |
|---|---|---|
| 1 | بغیر لیٹ فیس کے | 27-12-2023 تا 20-01-2024 |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ | 21-01-2024 تا 02-02-2024 |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ | 03-02-2024 تا 09-02-2024 |

**الف۔ داخلہ فیس، پروسیسنگ فیس، رجسٹریشن فیس، سپورٹس فیس، سکالرشپ فیس، ڈویلپمنٹ فیس اور سرٹیفیکیٹ فیس کی شرح**

Result.pk

| تفصیل | سنگل پارٹ (ریگولر) | سنگل پارٹ (پرائیویٹ) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/ کمپوزٹ (ریگولر) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/ کمپوزٹ (پرائیویٹ) |
|---|---|---|---|---|
| سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو | 850 | 900 | 1700 | 1800 |
| آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو | 800 | 850 | 1600 | 1700 |
| پروسیسنگ فیس | 530 | 530 | 530 | 530 |
| ڈویلپمنٹ فیس | 200 | 200 | 200 | 200 |
| سرٹیفیکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ) | 700 | 700 | ---- | 700 |

**ب۔ علوم السنہ شرقیہ**

| داخلہ فیس | رجسٹریشن فیس | ڈویلپمنٹ فیس | پروسیسنگ فیس | سرٹیفیکیٹ فیس |
|---|---|---|---|---|
| -/1000روپے | -/1000روپے | -/200روپے | -/530روپے | -/700روپے |

**﴿1﴾ ضروری تاکید/ ہدایات۔**

(i) ایسے امیدواران جو بورڈ ہذا سے انرولمنٹ /رجسٹریشن نہیں کرواسکے تھے وہ داخلہ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس -/1000روپے، سپورٹس فیس -/150 روپے، سکالرشپ فیس -/80روپے (کل مبلغ -/1230روپے) جمع کروائیں گے۔

(ii) تمام امیدواران سے QR کوڈ کی مد میں مبلغ -/95 روپے فیس وصول کی جائے گی۔

(iii) ایسے امیدواران جو قبل ازیں امتحانات میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے سند فیس جمع کروا چکے ہیں اب وہ سند فیس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(iv) تین گناہ فیس کا شیڈول ختم ہونے کے بعد مبلغ -/500 یا -/100 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے والے امیدواران کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق ضلعی ہیڈکوارٹر ہوگا۔

(v) ریگولر اور الحاق شدہ ادارہ جات بورڈ کی طرف سے جاری شدہ اکاؤنٹ میں Login ہو کر اپنے امیدواران کا داخلہ فارم Submit کریں گے۔

(vi) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس / آرٹس﴾ کی پوری داخلہ فیس وصول کی جائیگی۔

(جاری ہے)

**﴿2﴾ پرائیویٹ امیدواران متوجہ ہوں کہ:۔**

(i) بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام پرائیویٹ امیدواران کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk پر اپنے داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت فیڈ کرنے کے بعد داخلہ فارم اور فیس چالان کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ii) آن لائن پرنٹ شدہ داخلہ فارم اپنی رہائش کے قریب ترین کسی بھی گورنمنٹ /الحاق شدہ کالج / ہائیر سیکنڈری سکول کے پرنسپل سے تصدیق کرا کر مع اصل فیس چالان مقررہ شیڈول کے اندر **اسسٹنٹ کنٹرولر انٹرمیڈیٹ (امتحانات)، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور** کو ارسال کریں گے۔

(iii) شیڈول / امتحانات سے متعلق تمام تر معلومات بورڈ کی ویب سائٹ "www.bisebwp.edu.pk" سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

سیکریٹری

**کاپی برائے اطلاع / ضروری کارروائی ۔**

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز / ہائیر سیکنڈری سکولز / کامرس کالجز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

(2) ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، بہاول پور ڈویژن، بہاول پور۔

(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت) ۔

(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔

(5) مینیجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جا سکے)۔

(6) داخلی تقسیم / نوٹیفکیشن فائل۔

Result.pk

21/12/23

پی اے / انچارج میٹنگ